19.2 جمہوریت۔ معنی مفہوم اور ابتداء:

جمہوریت کا تصور 5 ویں صدی قبل مسیح میں یونان کے شہر ایتھنز میں وجود میں آیا۔ یونانی زبان میں Demo کا مطلب عوام اور Kartos کے معنی حکومت یا اتھاریٹی کے ہیں۔ جمہوریت کا مطلب عوام کی حکومت یا عوام کی جانب سے حکومت کے ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ جمہوریت ایک ایسا طرز حکومت ہے یا طریقہ حکومت ہے جس میں عوام کے نمائندوں کی جانب سے حکومت چلائی جاتی ہے۔

19.2 جمہوریت کی اقسام:

حکومت کی تشکیل کے لحاظ سے جمہوریت کی دو قسمیں ہیں:

(1) راست جمہوریت

(2) بالواسطہ جمہوریت

1. **راست جمہوریت:** راست جمہوریت میں عوام بلاواسطہ طور پر اپنی حکومت کا انتخاب کرتے ہیں اپنی ترقی کے لئے قوانین اور پالیسیاں خود بناتے ہیں۔ کم آبادی اور کم رقبہ والے ممالک میں اس طرح کا نظام چلایا جاسکتا ہے۔

2. **بالواسطہ جمہوریت:** اس طرز جمہوریت میں شہری اپنے نمائندوں کا انتخاب کرتے ہیں جو عوام کی فلاح و بہبود کے لئے پروگرامس بناتے ہیں اور سیاسی فیصلے کرتے ہیں۔ یہ طرز جمہوریت محدود اور بالواسطہ ہے۔ وقتاً فوقتاً عوامی نمائندوں کو چنا جاتا ہے۔ اس طریقہ حکومت میں عوام کی حصہ داری بہت کم ہے۔